# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، مشکل الفاظ کی پرچیاں۔ ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے صفحہ نمبر 33 پر موجود مشکل الفاظ کی پرچیاں بنا کر تیار کر لیں۔
- تمام پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر جماعت میں لے آئیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ "الف" اور گروہ "ب" کا نام دے دیں۔
- الفاظ پر مشتمل ٹوکری جماعت میں موجود میز پر رکھ دیں۔
- اب دونوں گروہوں کے بچوں کو کہیں کہ وہ باری باری آئیں اور ان میں سے ایک ایک پرچی اٹھا کر اس پر لکھے لفظ کی بلند آواز میں پڑھائی کریں۔
- جو بچے درست طور پر الفاظ کی پڑھائی کریں گے۔ ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 33 کھلوائیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "اپنی مثال آپ" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر "33" کھولیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔

- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جو پڑھائی میں کمزور ہے اور جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح صفحہ نمبر 33 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سبق میں موجود مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 4 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، مشکل الفاظ کی پرچیاں۔ ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق "اپنی مثال آپ" سے کوئی سے پانچ الفاظ پرچیوں پر لکھ کر ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں۔
- اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- اب اسے اس پر لکھے لفظ کا درست تلفظ ادا کروائیں اور پھر اس سے متعلق ایک جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں۔

- یہ تکنیک محض سبق کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- سبق میں موجود نئے الفاظ کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- الفاظ معانی کا مقصد بچوں کو مختلف الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا ہے۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چھے آئس کریم اسٹکس لیں۔ جن پر ایک طرف نئے الفاظ میں سے الفاظ لکھے ہوں۔
- ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھیں۔
- ان تمام اسٹکس کو ایک ٹوکری میں ڈال دیں اور اس ٹوکری کو باری باری ہر گروہ کے پاس لے جائیں۔
- انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ اسٹک پر لکھا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کے لکھے ہوئے معانی سنانے کے لیے کہیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس کے بعد الفاظ معانی کی بار بار پڑھائی کروائیں تاکہ بچے ان کو بآسانی یاد کرلیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کے معانی کی دہرائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**ا۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔**

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| گزر اوقات | |
| وابستہ | |
| مہیا | |
| بڑھئی | |
| تعمیر کرنا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات دے سکیں۔

**معاونات:۔** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ چوکور، ڈبا، رنگ برنگا کاغذ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں۔
- شیٹ پر نظم "اپنی مثال آپ" سے متعلق ایک ایک سوال لکھا ہو۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دی گئی شیٹ پر لکھا ہوا سوال دوسرے گروہ کے بچوں سے پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی پھر دوسرے گروہ کے بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- سوال نمبر 1 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کو پہلے سبق کا مفہوم آسان الفاظ میں بتادیں تاکہ بچے آسانی سے سوالات کے جواب دے سکیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- مشق میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنادیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے لڈّو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو موقع دیں۔

- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے جوابات دے گا وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔
- اب تختہ تحریر پر سوال نمبر 1 میں موجود تمام سوال لکھیں۔
- بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ بچوں کی مدد سے درست جواب لکھیں اور ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں نکالیں اور ان پر سوالات کے جوابات لکھیں۔
- اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:(3منٹ)** بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:(5منٹ)** بورڈ پر سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:(2منٹ)** جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:4 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**معاونات:۔** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ سوالوں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- گزشتہ سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ بورڈ پر آکر پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چھے پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔

- بچوں کو تین گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں چھے پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی دو دو پرچیاں اٹھا لیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں ہر گروہ کو غلط درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں اور ہدایت کریں کہ غلط درست فقرات کی نشاندہی کریں۔
- انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اور اس کے پاس موجود جملے کی بورڈ پر خواندگی کرتے ہوئے غلط یا درست کی نشان دہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند نامکمل جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کو مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# ورک شیٹ

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

(الف) دُودھ والے نے گھر کے سامنے دروازے پر دَستک دی:

(i) جواد کے (ii) علی کے (iii) حسن کے

(ب) ہماری دُودھ کی ضَرُورت کو گھر بیٹھے پُوری کرتے ہیں:

(i) موچی (ii) چوکیدار (iii) گوالے

(ج) کھیتی باڑی کرتے ہیں:

(i) موچی (ii) درزی (iii) کسان

(د) مریضوں کا علاج کرتے ہیں:

(i) کسان (ii) ڈاکٹر (iii) بڑھئی

(ہ) کپڑے سِیتے ہیں:

(i) درزی (ii) موچی (iii) معمار

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** مختلف پیشوں کے متعلق بات کر سکیں۔

تصاویر دیکھ کر بات چیت کر سکیں۔

**معاونات:۔** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ لڈّو کا دانہ، مختلف پیشوں کا چارٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- اب میز پر مختلف پیشوں کی تصویروں پر مبنی ایک چارٹ پیپر رکھیں۔
- ایک لڈو کا دانہ لیں۔
- کسی بچّے کو بلائیں اور اسے چارٹ پر لڈو کا دانہ پھینکنے کے لیے کہیں۔
- دانہ جس تصویر پر گرے گا بچّہ اس پیشے کا نام بتائے گا۔ نہ آنے کی صورت میں اگلے بچّے کو بلائیں اور اس سرگرمی کو دہرائیں۔
- اس کے بعد بچّوں کو گروہی صورت میں بٹھائیں اور انھیں آپس میں مختلف پیشوں سے وابستہ کاموں کے بارے میں بات چیت کرنے کو کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچّوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچّوں کے پانچ گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو دو، دو پیشوں کی تصاویر دیں۔
- انھیں ہدایات دیں کہ وہ ان پیشوں پر بات چیت کریں۔
- اس دوران ہر گروہ کے پاس جائیں اور ان کی پیشوں سے متعلّق گفت گو سنیں۔
- پیشوں سے متعلّق بچّوں سے سوالات پوچھیں جیسے:
  - یہ پیشے کیوں ضروری ہیں؟
  - اگر یہ پیشے نہ ہوں تو کیا ہو گا؟
  - بچّوں سے ان کے جوابات لیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک بچّے کو بلائیں اور اسے اس کے پاس موجود تصویروں کو بورڈ پر چسپاں کرنے اور اُن کے متعلق بولنے کی ہدایت دیں۔<br>• اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔<br>• جس گروہ کے بچّے نے بہترین انداز میں جملے کہے ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) کتاب کے سوال نمبر 5 میں پوچھے گئے سوالات کے جواب بچّوں سے کاپی پر لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

➢ **دیے گئے اشاروں کی مدد سے پیشوں کے نام لکھیں۔**

(الف) جوتے مرمت کرنے والا: ____________________

(ب) ہوائی جہاز اُڑانے والا: ____________________

(ج) پڑھنا، لکھنا سکھانے والا: ____________________

(د) لوہے کا کام کرنے والا: ____________________

(ہ) بیماروں کا علاج کرنے والا: ____________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم:      یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: اپنی مثال آپ | |

**مقاصد:** معمے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھ سکیں۔

**معاونات:۔** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ لڈّو کا دانہ، مختلف پیشوں کے تصویری فلیش کارڈز

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- گزشتہ روز پڑھائے گئے سبق کے اعادے کے لیے بورڈ پر مختلف پیشوں کے تصویری فلیش کارڈز لگائیں اور ان کو ایک سے چھے نمبر دیں۔
- اب جماعت میں سے ایک بچّے کو بلائیں، اسے میز پر لُڈو کا دانہ پھینکنے کا کہیں۔
- لُڈو کا دانہ پھینکنے پر جو نمبر اوپر آئے گا۔ اس بچے کو بورڈ پر متعلقہ نمبر پر موجود پیشے کے بارے میں تین سے چار جملے بولنے کے لیے کہیں۔
- بولنے کے دوران میں ہونے والی غلطیوں میں بچّے کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچّے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچّوں سے کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچّوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ حروف کو باہم ملا کر کیا بنتا ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ جملوں کی تشکیل الفاظ کی بدولت ممکن ہوتی ہے اور حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ آج ہم حروف کا کھیل کھیلیں گے۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر سوال نمبر 6 میں دیا گیا معمہ لکھا ہو۔ بچوں کے سامنے باری باری ٹوکری کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ ان پرچیوں پر الفاظ " بندر، انار، لیچی، درخت " لکھے ہوں۔ بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جن الفاظ کی پرچیاں آئی ہیں وہ الفاظ شیٹ پر بنے ہوئے معمے میں سے تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر معمہ بنا دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے بچے کو بلا کر معمے میں اس لفظ کے گرد دائرہ لگوائیں جن کی پرچی ان کے پاس آئی ہو گی۔ آخر میں جیتنے والے گروہ کو بہترین الفاظ ساز کے اعزازی کارڈ دیے جائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتابیں کھولیں اور سوال نمبر 6 کو حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر معمے میں دیے گئے الفاظ کا املا کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ |